رول نمبر اُمیدوار: ________ (گوجرانوالہ 2019 پارٹ I)

GNL

**اُردو (لازمی)** **(پہلا گروپ)** **(I) - 319 (انٹرمیڈیٹ پارٹ I)** **پرچہ I**

**وقت: 20 منٹ** **معروضی** **Code: 6021** **مارکس: 20**

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

**.1**

1- نصابی سبق "اُسوۂ حسنہ" کے مطابق ایک مسلمان کی کامیابی اور تکمیل روحانی کیلئے جو چیز ہے وہ ________ ہے۔
(A) سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم (B) اُسوۂ اسلاف (C) اُسوۂ صحابہؓ (D) اُسوۂ انبیاءؑ

2- جس دن سرسید کے گھر مہمان زیادہ ہوتے، اس دن ان کے گھر ________ ہوتی / ہوتا۔
(A) فاقہ (B) کہرام (C) عید (D) رونا دھونا

3- نصابی سبق "اوور کوٹ" کا اختتام ________ کے ذکر پر ہوا۔
(A) اوور کوٹ (B) فلیٹ ہیٹ (C) بید کی چھڑی (D) گلوبند

4- ہرگوپال تفتہ نے برائے اصلاح غالب کو ________ بھیجیں / بھیجے۔
(A) غزلیں (B) داستانیں (C) قصائد (D) ہجویں

5- نصابی سبق "اور آنا گھر میں مرغیوں کا" ________ کتاب سے ماخوذ ہے۔
(A) خاکم بدہن (B) زرگزشت (C) آبِ گم (D) چراغ تلے

6- تلمیح ہے: ے "آ رہی ہے چاہِ یوسف سے صدا ...... دوست یاں تھوڑے ہیں اور بھائی بہت"
(A) صدا (B) چاہِ یوسف (C) دوست (D) بھائی

7- استعارہ ہے:
(A) مرے خورشید کبھی تو بھی اٹھا اپنی نقاب (B) حسنِ یوسف (C) چاند سا چہرہ (D) غارِ حرا

8- "میرا بیٹا چاند کی طرح خوبصورت ہے" اس جملے میں حرفِ تشبیہ ________ ہے۔
(A) بیٹا (B) میرا (C) طرح (D) خوبصورت

9- "آمد ہے، کربلا کے نیستاں میں، شیر کی" یہ مصرع ________ کا ہے۔
(A) تلمیح (B) تشبیہ (C) استعارہ (D) اِن میں سے کوئی نہیں

10- ے "ہستی اپنی حباب کی سی ہے ...... یہ نمائش سراب کی سی ہے" اس شعر میں "ہستی" ________ ہے۔
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) وجہ تشبیہ (D) حرفِ تشبیہ

11- ے "شاعری روزِ ازل سے ہوئی تخلیق، ندیم ...... شعر سے کم نہیں، انسان کا پیدا ہونا" اصطلاح میں یہ شعر ________ کہلاتا ہے۔
(A) مطلع (B) مقطع (C) تلمیح (D) ردیف

12- غزل کے اشعار میں ایک جیسے بار بار آنے والے الفاظ ________ کہلاتے ہیں۔
(A) ردیف (B) قافیہ (C) تشبیہ (D) مطلع

13- "مطلع" ________ زبان کا لفظ ہے۔
(A) عربی (B) ترکی (C) ہندی (D) پرتگالی

14- ے "پھرے راہ سے وہ، یہاں آتے آتے ...... اجل مر رہی تو، کہاں آتے آتے" یہ شعر ________ کا ہے۔
(A) تلمیح (B) مقطع (C) مطلع (D) اِن میں سے کوئی نہیں

15- قافیہ ________ کو کہتے ہیں۔
(A) شعر کے آخری حصے (B) ہم آواز الفاظ (C) بار بار استعمال ہونے والے الفاظ (D) شعر کے ابتدائی حصے

16- مجھے گھبراہٹ ہو ________ ۔
(A) رہا ہے (B) رہی ہے (C) رہے ہیں (D) رہی ہیں

17- پیاز کس بھاؤ بک ________ ہے؟
(A) رہا (B) رہی (C) رہے (D) رہو

18- تعصب نہیں ________ ۔
(A) کرنا چاہیے (B) کرنی چاہیے (C) کرنے چاہیے (D) کرنے چاہئیں

19- "مکتوباتِ غالب" چھپ ________ ہے۔
(A) گئے (B) گیا (C) گئی (D) گئیں

20- کراچی ________ آب و ہوا مرطوب ہے۔
(A) کا (B) کے (C) کی (D) کیں

رول نمبر اُمیدوار : ____________

اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) (انٹرمیڈیٹ پارٹ I) 319 - (III) پرچہ I

وقت: 20 منٹ معروضی Code: 6026 مارکس: 20

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1. 1 - مشتاق احمد یوسفی نے ______ ماہ مرغیوں کی عادات و خصائل کا مطالعہ کیا۔
(A) اٹھارہ (B) پندرہ (C) دس (D) بیس

2 - صابن سے میل اتر ______ ہے۔
(A) جاتی (B) جاتے (C) جاتا (D) جاتیں

3 - "مطلع" کے لغوی معنی ______ کی جگہ کے ہیں۔
(A) طلوع ہونے (B) غروب ہونے (C) کاٹنے (D) ختم ہونے

4 - قافیہ ______ آتا ہے۔
(A) ردیف کے بعد (B) ردیف سے پہلے (C) کسی جگہ بھی (D) مطلع کے بعد

5 - میں نے "کلیاتِ غالب" ______ ۔
(A) پڑھی (B) پڑھا (C) پڑھے (D) پڑھیں

6 - میں نے آج کا اخبار نہیں ______ ۔
(A) پڑھی (B) پڑھا (C) پڑھے (D) پڑھیں

7 - سبق "اپنی مدد آپ" ______ کا لکھا ہوا ہے۔
(A) حالی (B) سرسید (C) شبلی (D) قاسمی

8 - نواب مصطفیٰ خان کو ______ برس سزا ہوئی۔
(A) دس (B) سات (C) نو (D) تین

9 - یہ گھوڑا گاڑی کس ______ ۔
(A) کے ہیں (B) کو ہے (C) کی ہے (D) کی ہیں

10 - بغیر ردیف والی غزل ______ غزل کہلاتی ہے۔
(A) مردف (B) سادہ (C) سہل ممتنع (D) غیر مردف

11 - یہ عورت بڑی ______ ہے۔
(A) لڑاکی (B) لڑاکا (C) لڑاکو (D) لڑاکیں

12 - ابوالقاسم زہراوی اسلامی سلطنت ______ سے تعلق رکھتے ہیں۔
(A) بغداد (B) عثمانیہ (C) اُندلس (D) دمشق

13 - جس چیز کو تشبیہ دی جائے اسے ______ کہتے ہیں۔
(A) مشبہ بہ (B) مشبہ (C) وجہ تشبیہ (D) غرض تشبیہ

14 - ______ رکن "استعارہ" کا ہے۔
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) مستعارلہٗ (D) حرف تشبیہ

15 - پطرس بخاری کے مطابق لاہور کی مشہور ترین پیداوار ______ ہے / ہیں۔
(A) لاہوری (B) اساتذہ (C) شاعر (D) طلبہ

16 - تلمیح ______ زبان کا لفظ ہے۔
(A) اُردو (B) فارسی (C) ہندی (D) عربی

17 - درج ذیل میں سے ______ "تشبیہ" کی مثال ہے۔
(A) میرا چاند (B) میرا لعل (C) میرا شیر (D) شیر کی طرح بہادر

18 - غزل میں "مقطع" ______ میں آ سکتا ہے۔
(A) درمیان (B) شروع (C) آخر (D) کسی بھی جگہ

19 - "قافیہ" کا لغوی معنی ______ ہے۔
(A) پے درپے آنے والا (B) آگے آنے والا (C) دہرانے والا (D) ایک جیسی آواز

20 - استعارہ کے ______ ارکان ہوتے ہیں۔
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

اُردو (لازمی)　　　(دوسرا گروپ)　　　319 (انٹرمیڈیٹ پارٹ I)　　　پرچہ I

وقت: 2:40 گھنٹے　　　(انشائی طرز)　　　مارکس: 80

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+8 = 10)

بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں ...... حق عیاں ہو جائے گا، باطل نہاں ہو جائے گا

ان کواکب کے عوض، ہوں گے نئے انجم طلوع ...... ان دنوں رخشندہ تر، یہ آسماں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+3 x 3 = 10)

افشائے رازِ عشق میں گو ذلتیں ہوئیں ...... لیکن اسے جتا تو دیا جان تو گیا

گو نامہ بر سے خوش نہ ہوا پر ہزار شکر ...... مجھ کو وہ میرے نام سے، پہچان تو گیا

بزمِ عدو میں صورتِ پروانہ دل مرا ...... گو رشک سے جلا تیرے قربان تو گیا

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجئے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+3+10 = 15)

(الف) عزم و استقلال، شجاعت، صبر، شکر، توکل، رضا، تقدیر، مصیبتوں کی برداشت، قربانی، قناعت، استغنا، ایثار، جُود، تواضع، خاکساری، مسکنت، نشیب وفراز، بلند و پست، تمام اخلاقی پہلوؤں کے لئے جو مختلف انسانوں کو مختلف حالتوں میں یا ہر انسان کو مختلف صورتوں میں پیش آتے ہیں، ہمیں عملی ہدایت اور مثال کی ضرورت ہے جو صرف پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح میں مل سکتی ہیں۔

(ب) " اب تم کو کیسے سمجھاؤں۔ ہر شخص کے دل میں اعزاز و احترام کی بھوک ہوتی ہے۔ تم پوچھو گی یہ بھوک کیوں ہوتی ہے؟ اس لیے کہ یہ ہماری روح کے ارتقا کی ایک منزل ہے۔ ہم اس عظیم الشان طاقت کا لطیف حصہ ہیں جو ساری دنیا میں حاضر و ناظر ہے۔ جزو میں کل کی خوبیاں ہونا لازمی امر ہے۔ اس لیے جاہ و رفعت علم و فضل کی جانب ہمارا فطری میلان ہے۔ میں اس ہوس کو معیوب نہیں سمجھتا۔ ہاں! چونکہ دل میں ضعف ہے۔ اہلِ دنیا کی حرف گیریوں کا خیال قدم قدم پر دامن گیر ہو جاتا ہے۔"

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ (1+9=10)

(i) ادیب کی عزت　　(ii) دوستی کا پھل

5 - اختر شیرانی کی نظم " برسات " کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

6 - دو دوستوں کے درمیان " ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی " کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ (10)

یا

اپنے کالج میں "جلسہ تقسیم انعامات" کی روداد تحریر کیجئے۔

7 - چیئرمین بلدیہ کے نام درخواست لکھئے جس میں انہیں محلے میں آوارہ کتوں کی تلفی کے بارے میں گزارش کیجئے۔ (10)

8 - درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجئے۔ (2+8 =10)

میری دل سوزی اپنے ہم مذہب بھائیوں کے ساتھ اس وجہ سے ہے کہ میری دانست میں ہم مسلمانوں میں بہت سی رسمیں جو حقیقت میں بری ہیں مروج ہو گئی ہیں۔ ان میں سے ہزاروں ہمارے پاک مذہب اور انسانیت دونوں کے خلاف اور تہذیب و شائستگی کے بھی برعکس ہیں۔ اس لیے میں ضروری سمجھتا ہوں کہ ہم لوگ تعصب، ضد اور نفاسیت کو چھوڑ کر ان بری رسموں اور بدعتوں کو ترک کرنے پر مائل ہوں اور جیسا کہ ہمارا مذہب پاک، روشن اور ہزاروں حکمتوں سے بھرا ہوا ہے۔ اسی طرح اپنی معاشرت اور تمدن کو بھی ہم عمدہ اور پاک صاف کریں اور جو کچھ نقصانات اس میں ہیں خواہ وہ کسی وجہ سے ہوں ان کو دور کریں۔